زبان میری ہے بات ان کی

★ عنقریب ٹی وی پر "میرے عزیز ہم وطنو!" کی آواز آنے والی ہے۔ (پگاڑا)
ان لچے لفنگے، ظالم اور بدمعاش سیاست دانوں، حکمرانوں سے میرے عزیز ہم وطنو کی آواز بہتر ہے۔

★ معیشت کو سنبھالا نہ گیا تو وہ دن دور نہیں جب ہر دوسرے گھر میں قحط ہو گا۔ (فضل الرحمن)
آپ کیوں فکر مند ہیں؟

★ یہودی لابی کا حمایت یافتہ ہوں۔ نہ فوج کی سرپرستی حاصل ہے۔ (عمران خان)
عمران خان نے امریکہ سے واپسی پر نیویارک عالمی جیوش (یہودی) کانفرنس میں شرکت کی۔ (پی پی اے)

★ آصف زرداری بلاول ہاوس بیچنا چاہتے ہیں (ایک خبر)
نہیں..... سارا پاکستان بیچنا چاہتے ہیں۔

★ پولیس افسر نے اپنا مکان بنوانے کے لئے ریلوے کی لکڑی پر ڈاکہ ڈلوایا (ایک خبر)
یہ باوردی غنڈے نہ ہوں تو عوام دوسرے غنڈوں سے خود نپٹ لیں۔

★ وزیراعظم بے نظیر کے بھائی میر مرتضی بھٹو پولیس مقابلے میں ہلاک ہو گئے۔ (ایک خبر)
یزید کو حضرت حسینؓ کی شہادت کا ذمہ دار قرار دینے والے بے نظیر کو اپنے بھائی کے قتل سے کیسے بری کر سکتے ہیں؟

★ ڈی ایس پی الطاف جس علاقہ میں تعینات ہوتا ہے وہاں سے جگا وصول کرتا ہے۔ (ایک خبر)
ڈی ایس پی۔ سی ایس پی کا مطلب ہی یہی ہے۔

★ بے نظیر کو ہٹا کر مارشل لاء نافذ کیا گیا تو اس کے خلاف تحریک چلائیں گے (قاضی حسین احمد)
حکومت قاضی کے حوالے کر دیں۔

★ مسئلہ کشمیر حل کرنے کے لئے ثالث بننے کو تیار ہوں۔ (یاسر عرفات)
اپنا دھڑن تختہ کیا ہے، دوسروں کا کیا سنواریں گے۔

★ اداکارہ خالدہ ریاست کا بیٹا دربار شاہ جیونہ کا گدی نشین ہو گا۔ (ایک خبر)
"تن بخشی" کی پیداوار ہی ایسی اہلیت کے حامل ہو سکتے ہیں۔

★ ہمارا کلچر اور سسٹم بڑے آدمی کا تحفظ کرتا ہے۔ (کامران لاشاری ڈی سی لاہور)
اسی لئے آپ نے بڑا آدمی بننا پسند کیا۔

★ پاکستان رہنے کے قابل نہیں یہاں سے چلے جانا چاہیئے (نور جہاں)
اللہ کرے پاکستان تمہارے وجود سے پاک ہو جائے (آمین)

★ بے نظیر کے استعمال میں ۴۰ گاڑیاں ہیں۔ گھر پر پانچ سو نوکر کام کر رہے ہیں۔ (عمران خان)
ان کے بغیر غریبوں کا مقدر کیسے بدلا جاسکتا ہے؟

★ مشتاق اعوان کی بیٹی فیل ہوگئی۔ امتحان کے دوران نقل کروانے کا پروپیگنڈہ ہوا تھا۔ (ایک خبر)
نقل کے لئے بھی عقل چاہیئے۔

★ پولیس مقابلے کرنے والے افسروں کی اسناد / میڈلز پر لکھا ہونا چاہیئے کہ حامل ہذا ایک بے گناہ شہری کا قاتل ہے۔ (چیف جسٹس خلیل الرحمن)
مسٹر تھیلاپینٹ بار بار نوٹ فرمائیں۔

★ راؤ سکندر اقبال کے بہنوئی (راؤ شمشیر علی) کے تبادلے کے لئے وزیر اعلیٰ سے کوئی بات نہیں کی۔ (ناہید خان)
جھوٹے پر اللہ کی لعنت!

★ مولانا فضل الرحمن کی صدر سے ملاقات! (ایک خبر)
دیوبند سے شیخ کو نسبت نہیں رہی قل اعوذ یا صدر کی پابوش ہوگیا۔

★ دنیا پور۔ حاجی بوٹا تھانیدار کے وحشیانہ تشدد سے قیدی ہلاک۔ دم توڑتے ہوئے پیشاب پلانے کا حکم۔ (ایک خبر)
"یہ تیرا پاکستان ہے یہ میرا پاکستان ہے"

★ تعلیمی اداروں پر لچوں، لفنگوں اور بدمعاشوں کا قبضہ ہے (وزیر تعلیم عطا مانیکا)
نمبر لگوانے میں موجودہ اساتذہ کا کردار۔ ڈاکوؤں سے بھی زیادہ گھناؤنا ہے۔

★ سہگل خاندان حبیب بنک ملتان اور نیشنل بنک مظفر گڑھ سے ۸۳ کروڑ روپیہ قرض لے کر ہڑپ کر گیا (ایک خبر)
سمجھ نہیں آتی، لوگ بنکوں میں ڈاکے ڈالنے کی بجائے بنکوں سے قرض کیوں نہیں لیتے۔ (مشتاق یوسفی)

★ تنخواہ کے لئے قطار میں کھڑا بھوکا ملازم چل بسا (ایک خبر)
قطار سے باہر بغیر تنخواہ بھوکے مرنے والے بھی شمار کریں۔

★ بھرتی کی بولی.... ۶ لاکھ میں اے ایس آئی، ۵۰ ہزار میں سپاہی (ایک خبر)
یہ لوگ ڈاکے نہیں ڈالیں گے تو اور کیا کریں گے۔

★ ہم نے روٹی کپڑا مکان کا نعرہ لگایا مگر لوگوں کو پانی تک نہیں ملا (رامے)
صرف "پانی" کے لئے ہی تو سپیکری سے چمٹے ہوئے ہیں۔

★ حکومت اور اپوزیشن امریکہ کی خوشنودی کے لئے سرگرم عمل ہیں (فضل الرحمن)
اور آپ بی بی کی خوشنودی کے لئے سرگرم عمل ہیں۔ (بقیہ ص ۴۲ پر)